AQF / Shabbir

13-01-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ اسعداللہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ڈجیٹل انڈیا، اسٹارپ اپس کی ترقی اور نوجوانوں کی شمولیت کا امتزاج ملک کے مستقبل کو نئی شکل دے رہا ہے۔

2- امریکہ نے ایران کے ساتھ کاروبار کرنے والے ملکوں پر 25 فیصد محصولات عائد کردیے ہیں۔

3- بھارتی موسمیات محکمے نے آج دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کے علاقوں میں گہرے سے بہت گہرے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔

4- فصلوں کی کٹائی کا تہوار لوہری آج منایا جا رہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے اِس موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

5- اور کھیلوں میں انڈیا اوپن 2026 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ آج نئی دلی میں شروع ہو رہا ہے۔

6- خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں کل رات رائل چیلنجرس بینگلورو نے یوپی واریئرس کو 9 وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-VB YOUNG LEADERS

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل انڈیا، اسٹارٹ اَپ کی ترقی اور نوجوانوں کی شمولیت کا امتزاج ملک کے مستقبل کو ایک نئی شکل دے رہا ہے۔ نئی دلی میں کل وکست بھارت ینگ لیڈرز ڈائیلاگ 2026 کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک تخلیقی اور ٹیکنالوجی پر مبنی شعبوں میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے، جس کی بڑی وجہ نوجوان اختراع کار اور کاروباری افراد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل انڈیا نے تخلیق کاروں کی ایک بالکل نئی برادری کو جنم دیا ہے اور 'اورنج اکانومی' کے بے مثال عروج کو فروغ دیا ہے، جس میں ثقافت، مواد اور تخلیقی صلاحیتیں شامل ہیں۔

S/B : PM Modi -Orangae Economy

وزیرِ اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ جب ملک 2047 میں آزادی کے 100 سال مکمل کرے گا، تو وہ وقت آج کے نوجوانوں کی زندگی میں سب سے زیادہ اہم ہوگا۔

**S/B :0815 Final PM Modi 2047**

وزیرِ اعظم مودی نے اسٹارٹ اَپ انڈیا، ڈیجیٹل انڈیا، کاروبار میں آسانی، ٹیکس اور ضابطوں کی تعمیل کو آسان بنانے جیسے اہم اصلاحات اور اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان سے بھارت میں اسٹارٹ اَپ انقلاب کو تیز رفتار ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اصلاحات کے ذریعے پہلے حکومت کے زیرِ تسلط رہنے والے شعبوں کو کاروباری سرگرمیوں کے لیے کھولا گیا ہے، جس سے ملک میں اختراعات اور صنعت کاری کو فروغ حاصل ہوا ہے۔x

**<u>AMIT SHAH VISIT</u>**

امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج سے گجرات کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ اپنے دورے کے دوران جناب شاہ کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور ریاست بھر میں Uttarayan تہواروں میں شرکت کریں گے۔ اپنے دورے کے پہلے دن آج جناب شاہ گاندھی نگر کے Mansa میں آرٹس اینڈ کامرس کالج میں نئے تعمیر کردہ اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کریں گے۔ بعد میں وہ Pethapur میں ریاست کے سائنس اور ٹیکنالوجی محکمے کے تحت BSL-4، بایو ٹیکنالوجی ریسرچ سینٹر کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ سہ پہر وزیر داخلہ احمد آباد کے سانتھل میں فارماسیوٹیکل اکیڈمی آف گلوبل ایکسی لینس کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ آج کے دن کی ان کی مصروفیات آنند کے مقام پر ختم ہوجائیگی جہاں وہ Charotar یونیورسٹی کے 15ویں جلسہ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گے اور Santram مندر میں پوجا کریں گے۔x

**<u>DIRECT TAX COLLECTION</u>**

رواں مالی سال کے دوران ملک میں اب تک براہِ راست ٹیکسوں کی مجموعی وصولیابی میں آٹھ اعشاریہ آٹھ۔دو فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور یہ 18 اعشاریہ تین۔آٹھ لاکھ کروڑ روپے سے تجاوز کرگئی ہے۔ اِن میں کارپوریٹ ٹیکس کی مجموعی رقم آٹھ اعشاریہ چھ۔تین لاکھ کروڑ روپے شامل ہے۔ اِسی طرح غیر کارپوریٹ ٹیکسوں سے حاصل ہونے والی رقم یکم اپریل سے 11 جنوری تک 9 اعشاریہ تین۔صفر لاکھ کروڑ روپے رہی۔ یہ اعداد و شمار سرمایہ بازوں میں مستحکم سرگرمی کی عکاسی کرتے ہیں۔

حکومت نے مالی برس 2025-26 کیلئے براہِ راست ٹیکسوں کی وصولیابی میں پچھلے سال کے مقابلے 12 اعشاریہ 7 فیصد کے اضافے کا تخمینہ لگایا ہے۔ اسی طرح حکومت نے مالی برس 2026 کے دوران سیکیورٹیز Transaction ٹیکس سے 78 ہزار کروڑ روپے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔x

**CENTER-AIIMS**

مغربی بنگال میں **Nipah Virus** کے دو مشتبہ کیس کے منظر عام پر آنے کے بعد حکومت نے ایک مشترکہ قومی آؤٹ بریک رِسپانس کے بعد ریاست کو اس کی روک تھام کی مدد کیلئے تعینات کیا ہے۔ اس مشتبہ کیس کی شناخت اتوار کے روز ایمس کلیانی میں **ICMR** لیبارٹری میں کی گئی۔ صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے ایک ویڈیو شیئر کیا ہے، جس میں مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت پوری طرح سے ریاستی حکومت کے ساتھ تعاون کیلئے تیار ہے اور وہ اس وبا کے مؤثر انتظام اور روک تھام کیلئے ریاستی حکومت کو جامع تکنیکی، لاجسٹک اور آپریشن سپورٹ فراہم کررہی ہے۔

**0800-JP Nadda- WB Nipah Virus**

**TRUMP TARIFF-IRAN**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ جو ممالک ایران کے ساتھ تجارتی روابط رکھیں گے، انہیں امریکہ کی جانب سے معاشی جرمانے کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ جو ملک اسلامی جمہوریہ ایران کے ساتھ کاروبار کرے گا، اسے امریکہ کے ساتھ ہونے والی ہر طرح کی تجارت پر 25 فیصد محصول کا سامنا کرنا پڑے گا، جو کہ فوری طور پر نافذ العمل ہے۔ اس دوران میڈیا کے ساتھ بات چیت میں امریکہ کی پریس سکریٹری **Karoline Leavitt** نے کہا کہ ٹرمپ، ایران سے سفارتی پیغام کے امکانات تلاش کرنے میں یقین رکھتے ہیں، اگرچہ تہران سے آنے والے سرکاری بیانات اس سے مختلف ہیں، جو امریکہ کو نجی طور پر موصول ہورہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر ٹرمپ فوجی طاقت کا استعمال کرنے سے نہیں ہچکچائیں گے۔ دوسری طرف ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان **Esmaeil Baghaei** نے کہا کہ ایران کی مسلح فورسز ملک کا دفاع کرنے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے امریکہ اور اسرائیل پر بیرونی مداخلت کے ذریعہ بدامنی کو ہوا دینے کا الزام لگایا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے **IMD** نے دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کے علاقوں میں آج گہرے سے بہت گہرے کہرے کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا کہ ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، راجستھان، مغربی اترپردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور پنجاب کے بعض علاقوں میں سرد لہر کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

**IMD** کے مطابق جموں و کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، چنڈی گڑھ، ہریانہ، راجستھان، دلّی، بہار،

مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے اور سکّم کے علاقوں میں 17 جنوری تک گہرے کہرے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائکل کے علاقوں میں گرج چمک کی بھی پیش گوئی کی ہے۔x

**LOHRI**

فصلوں کی کٹائی کا تہوار لوہری آج منایا جا رہا ہے۔ یہ تہوار بنیادی طور پر پنجاب، ہریانہ، ہماچل پردیش اور آس پاس کے علاقوں میں منایا جاتا ہے۔ یہ تہوار پک چکی فصلوں کی خوشی اور سورج کے شمال کی جانب سفر سے وابستہ ہے۔ لوگ شام کے وقت الاؤ جلاتے ہیں، روایتی گیت گاتے ہیں اور خاندان اور سماج کے ساتھ خوشی کے لمحات بانٹتے ہیں۔ یہ تہوار باہمی محبت اور اتحاد کا پیغام بھی دیتا ہے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے لوہری، مکر سنکرانتی، پونگل اور ماگھ بیہو کے موقع پر، جو آج اور کل منائے جا رہے ہیں، شہریوں کو مبارکباد دی ہے اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار ملک کی مالامال زرعی روایات کی علامت ہیں اور قومی یکجہتی کے جذبے کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تہوار بھارت کے متحرک اور متنوع ثقافتی ورثے کو نمایاں کرتے ہیں۔x

**PUNJAB-LOHRI**

پنجاب میں لوہڑی کا تہوار خوشی، جوش وجذبے اور بھائی چارے کا جشن ہے۔ یہ تہوار شام کے وقت منایا جائے گا، جب الاؤ جلانے کی رسم ادا کی جاتی ہے اور بنی نوع انسان کی خوشی اور خوشحالی کیلئے دعا کی جاتی ہے۔ اگرچہ ریاست میں شدید سردی کی وجہ سے ابھی تک بچوں کو گھروں کے اندر ہی رہنا پڑا ہے، تاہم وہ مٹھائیاں حاصل کرنے کیلئے آج لوہڑی گیت گاتے ہوئے گھر گھر جائیں گے۔

ایک رپورٹ۔ **V-C Rajesh**

*''سُندر مُندریے ہو، تیرا کون وِچارا ہو، دُلّا بھٹّی والا ہو'' یہ مشہور* ***Dulla Bhatti*** *کا گیت ہے، جسے وہ تمام لوگ گاتے ہیں، جو لوہڑی کی مٹھائی کیلئے ایک دوسرے کے گھر جاتے ہیں، چاہے وہ کسی بھی عمر کے ہوں، یہ گیت فطری طور پر زبان پر آ جاتا ہے۔ شام کو گھر پر پوجا کے بعد اَلاؤ جلائے جائیں گے اور تہوار منانے کیلئے سبھی اس کے گرد بیٹھیں گے۔ یہ تہوار نئے شادی شدہ جوڑے اور نوزائیدہ بچوں کے والدین کیلئے مزید خوشی کا باعث بن جاتا ہے۔ ریاست میں مختلف مقامات پر* ***Dhiyan Di Lohri*** *منانے کیلئے بھی خصوصی پروگرام جاری ہیں۔*

*راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PARADE-PASSES**

وزارت دفاع نے کرتویہ پتھ پر یوم جمہوریہ 2026 پریڈ کی فُل ڈریس ریہرسل کیلئے مفت پاس فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ پاس اس ماہ کی 15 اور 16 تاریخ کو دستیاب ہوں گے اور یہ مفت بُک کئے جاسکتے ہیں۔ اس سال یوم جمہوریہ کی فُل ڈریس ریہرسل اس ماہ کی 23 تاریخ کو ہوگی۔ یہ پاس آمنترن ویب سائٹ : ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو آمنترن ڈاٹ ایم او ڈی ڈاٹ جی او وی ڈاٹ اِن پر یا آمنترن موبائل ایپ سے بُک کئے جاسکتے ہیں۔×

**GOVT SPORTS GOVERNCE**

مرکزی حکومت نے قومی کھیلوں کے انتظام کے ایکٹ، 2025 کے تحت قومی سطح پر کھیلوں کے انتظام (قومی کھیلوں کے ادارے) سے متعلق قواعد وضوابط، 2026 کو نوٹیفائی کیا ہے۔ یہ قواعد و ضوابط نمایاں صلاحیت کے حامل کھلاڑیوں کی شمولیت، جنرل باڈی اور ایگزیکٹو کمیٹی کی تشکیل، انتخابی طریقۂ کار اور کھیلوں کے قومی اداروں اور کھیلوں کی علاقائی فیڈریشنز کے اراکین کے لیے نااہلی کے معیارات کا ڈھانچہ فراہم کرتے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ: **V/C Bhanu**

*ان ضابطوں میں قومی کھیلوں کے انتخابی پینل سے متعلق دفعات بھی شامل ہیں اور قومی کھیلوں کے بورڈ کے ساتھ الحاق شدہ نوٹس کے اندراج اور ان کی مدتِ کار کی باضابطہ تجدید کے طریقۂ کار کی وضاحت کی گئی ہے۔ اہم دفعات میں یہ بھی شامل ہے کہ قومی کھیلوں کے اداروں کی جنرل باڈی میں کم سے کم نمایاں صلاحیت کے حامل چار کھلاڑیوں کی شمولیت لازمی ہوگی۔ جنرل باڈی میں خواتین نمایاں کھلاڑیوں کی نمائندگی کو یقینی بنانے کے لیے ضابطوں میں واضح طور پر پچاس فیصد خواتین نمایاں کھلاڑیوں کی شمولیت کی شرط رکھی گئی ہے۔ ان ضابطوں میں درجہ بندی پر مبنی ایک معیار بھی مقرر کیا گیا ہے، جسے مختلف کھیلوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کافی حد تک جامع رکھا گیا ہے۔ اس درجہ بندی کے معیار کے تحت دس درجات متعین کیے گئے ہیں، جن کی شروعات گرمی کے اولمپک گیمز، پیرا اولمپک گیمز یا سرمائی اولمپک گیمز میں سونے، چاندی یا کانسی کا تمغہ جیتنے والے کھلاڑیوں سے ہوتی ہے اور یہ قومی کھیلوں یا قومی چیمپئن شپ میں سونے، چاندی یا کانسے کا تمغہ حاصل کرنے والے کھلاڑیوں تک محیط ہیں۔*

*ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .......*

**MEITY BHASHINI**

الیکٹرانک وانفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت کے نظام کو مضبوط بنانے کی غرض سے بھارت کے زبان سے متعلق مصنوعی ذہانت آج نئی دلّی میں بھاشنی سموداۓ ورکشاپ کا انعقاد کرے گی۔ وزارت نے کہا کہ بھاشنی سموداۓ، بھاشنی کی قیادت میں اشتراک پر مبنی ایک اقدام ہے، جو ماہرینِ لسانیات، تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی تنظیموں اور ڈیٹا پریکٹیشنر کو اکٹھا کرتا ہے، تاکہ بھارت کیلئے زبان سے متعلق مصنوعی ذہانت کے حل کی تخلیق، Govern کرنے اور اسے آگے بڑھایا جاسکے۔ وزارت نے واضح کیا کہ یہ ورکشاپ لینگویج AI کے تعلق سے بھاشنی کے ماحولیاتی نظام کی بنیاد پر چلنے والے طریقہ کار کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے، جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ بھارت کا ڈیجیٹل عوامی انفرااسٹرکچر کثیر لسانی، بآسانی دستیاب اور ہمہ گیر رہے۔×

**BADMINTON-INDIA OPEN 2026**

انڈیا اوپن-2026 ٹورنامنٹ کا، آج نئی دلّی کے اندراگاندھی انڈور اسٹیڈیم میں آغاز ہورہا ہے۔ اولمپک میں دوبار میڈل جیتنے والی پی وی سندھو اس مقابلے میں بھارت کے چیلنج کی قیادت کریں گی۔ Malvika Bansod اور Tanvi Shrma بھی خواتین کے سنگلز میں بھارت کی نمائندگی کریں گی۔ خواتین ڈبلز میں Treesa Jolly اور گائیتری گوپی چند بھارت کی طرف سے چیلنج کی قیادت کریں گی۔

مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین اور آیوش شیٹی افتتاحی راؤنڈ میں ایک دوسرے کے مدمقابل ہوں گے۔ کدامبی سری کانت اور H.S.Pranoy بھی مقابلے میں ہیں۔×

**CRICKET-WPL**

خواتین پریمئرلیگ WPL میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے یوپی واریئرس کو 9 وکٹ سے شکست دے دی۔ یہ میچ کل رات نوی ممبئی میں کھیلا گیا تھا۔ 144 رن کے ہدف کو رائل چیلنجرس بینگلورو نے 12 اوورس اور ایک گیند میں ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ گریس ہیرس کو اُن کی شاندار کارکردگی کیلئے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ انہوں نے 40 گیندوں میں 85 رن اسکور کئے۔ اس سے قبل، پہلے بلے بازی کرتے ہوئے یوپی وارایئرس نے مقررہ 20 اوورس میں پانچ وکٹ کھوکر 143 رن کا نشانہ رکھا۔ رائل چیلنجرس بینگلورو نے ٹاس جیت کر گیند بازی کا فیصلہ کیا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - اسعداللہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب، پرتاب اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو اہمیت کے ساتھ صفحہ اول پر جگہ دی ہے کہ بھارت اور جرمنی کے رشتے مضبوط ڈور سے بندھے ہیں۔ بھارت اور جرمنی نے چھ شعبوں میں مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ روزنامہ انقلاب نے بھارت میں امریکہ کے سفیر سرجیو گور کے اس بیان کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے کہ بھارت سے زیادہ اہم کوئی ملک نہیں، تجارتی معاہدے پر فیصلہ آج۔

جرمنی کے چانسلر فریڈرک مرز اپنے دو روزہ بھارت دورے کے تناظر میں کل گجرات کے گاندھی نگر پہنچے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور چانسلر مرز نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کے سلسلے میں اپنی حمایت کا اعادہ کیا۔ اِس خبر کو آج کے اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اسی اخبار نے خارجہ سکریٹری وکرم مصری کے بیان کو نمایاں کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ایران میں جاری احتجاج کے دوران بھارتی شہریوں کو محتاط رہنے کی اپیل، بھارت صورت حال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔

'دیش بھکتی اور ملک کی تعمیر کے جذبے سے سرشار نوجوان مصنفین بہترین کتابیں تصنیف کر رہے ہیں'۔ وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے اس بیان کو روزنامہ پرتاب نے صفحہ اول پر خصوصیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔ صدر جمہوریہ نے لوہڑی، مکر سکرانتی، پونگل اور ماگھ بیہو کے تہواروں پر ملک اور بیرون ملک میں مقیم بھارتی شہریوں کو مبارکباد اوراپنی نیک خواہشات پیش کی ہیں۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے اور اس کیلئے سرمایہ فراہم کیے جانے کے خلاف دہشت گردی مخالف کارروائی مشن Mode میں جاری رہنی چاہیے۔

2- سرکار نے، برآمدات کو فروغ دینے اور ملازمت کے مواقع پیدا کرنے کی خاطر ٹیکسٹائلز شعبے کی کایا پلٹ منصوبے کا اعلان کیا ہے، جس میں ضلعے سرکردہ رول ادا کریں گے۔

3- مرکز نے، تمل ناڈو کی بحری صلاحیت کو مستحکم بنانے کیلئے ریاست میں 235 کروڑ روپے مالیت کے بندرگاہی پروجیکٹوں کا اعلان کیا ہے۔

4- دوسرے وِکست بھارت ینگ لیڈرس مذاکرات آج نئی دلّی میں شروع ہو رہے ہیں۔

5- ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نئی دلّی میں، 100 ریلوے اہلکاروں کو 2025 کے اَتی وِششٹ ریل سیوا پُرسکار سے سرفراز کریں گے۔ بہترین کارکردگی والے ریلوے Zones کو 26 شیلڈ پیش کی جائیں گی۔

6- اور کرکٹ میں، خواتین کا پریمئر لیگ ٹورنامنٹ آج شام Navi ممبئی میں شروع ہو رہا ہے۔ پہلے میچ میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---